© rasailojaraid.com



# فیصل آباد اور کراچی میں قادیانیوں کی تازہ ترین دہشت گردی

عبداللطیف خالد چیمہ *

عیدالفطر کے روز (۱۱ر ستمبر) کو قادیانیوں نے دو مسلمانوں کو اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنایا، پہلا واقعہ فیصل آباد کے قریب کھڑیانوالہ چک نمبر ۱۹۴ر۔ب (لاٹھیانوالہ) میں ہوا جہاں امین اور نصیر وغیرہ قادیانیوں نے حملہ آور ہو کر مسلمان محمد اکرم کو قتل جبکہ غلام حسین کو شدید زخمی کر دیا اہل علاقہ نے شدید احتجاج کیا اور مظاہرین نے قادیانی قاتلوں کے خلاف مؤثر کارروائی کا پرزور مطالبہ کیا، اس واقعے کا پس منظر یہ ہے کہ شہید محمد اکرم اور اس کے ساتھی قانونِ تحفظِ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے تحفظ کے لیے سرگرم تھے اور ایک مسجد کا تنازعہ بھی چل رہا تھا کہ قادیانی قتل وغارت گری اور فساد پر اتر آئے ایف آئی آر کے اندراج کے بعد قاتل گرفتار ہو چکے ہیں اور وقوعے کے اردگرد کے ماحول میں کشیدگی پائی جاتی ہے۔

عیدالفطر ہی کے روز دوسرا اندوہناک سانحہ کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد (کھنڈو گوٹھ) میں پیش آیا۔ جہاں رضوان ارشد نامی ایک قادیانی نے عین دوپہر کے وقت محمد اظہر حسین نوجوان مسلمان کو بے دردی سے قتل کر دیا اس مقدمہ کی ایف آئی آر کے اندراج کے بعد علاقے کے مسلمانوں میں اشتعال اور ردِّعمل فطری تھا۔ چنانچہ ۱۴ر ستمبر منگل کو علاقے کے سینکڑوں مرد و زن اور بچوں نے قادیانی ملزم کی گرفتاری کے لیے نہایت پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا یہ مظاہرہ حیدری تھانے سے تقریباً ایک کلومیٹر کے فاصلے پر ہوا اور مجاہدین ختم نبوت اور عاشقانِ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکمل طور پر پرامن اپیل سے کراچی کو ورطۂ حریت میں ڈال دیا نہ کوئی توڑ پھوڑ ہوئی نہ لوٹ مار اور نہ ہی علاقے کے قادیانیوں کو چھیڑا گیا یہ مظاہرہ ہمارے معاون خصوصی جناب قاری علی شیر قادری (جو خود اور ان کے رفقاء اس کیس کی پیروی کر رہے ہیں) نے ہمیں براہِ راست موبائل پر سنایا۔ چنانچہ ہم نے فون پر کراچی کے میڈیا کو توجہ کی درخواست کی۔ مجلس احرار اسلام کراچی کے منتظم بھائی محمد شفیع الرحمٰن اور قاری شیر علی قادری نے ہمیں لمحہ بہ لمحہ صورتحال سے باخبر رکھا اور طے پایا کہ احتجاجی انداز کو ہر حال میں پرامن رکھا جائے گا لیکن مقتول کے ورثاء کی اخلاقی مدد کر کے قادیانیوں کو اثر ورسوخ کے ذریعے کیس پر اثر انداز نہیں ہونے دیا جائے گا۔ چنانچہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ مولانا قاضی احسان احمد کے مشورے اور رہنمائی کے بعد وکیل ختم نبوت جناب منظور احمد میو ایڈووکیٹ نے مکمل قانونی رہنمائی فراہم کی اور جملہ قانونی معاملات کو آگے بڑھایا۔

* سیکرٹری جنرل مجلس احرار اسلام پاکستان



© rasailojaraid.com